MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کراچی

چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
فون نمبر
Dailyaskarkhi@gmail.com
0331-8383955

جلد 15 | 09 جنوری، بروز جمعرات 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 245

منصوبے سے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے، شرجیل انعام میمن

خدشہ ظاہر کیا تھا بانی پی ٹی آئی مذاکرات کو آگے بڑھنے نہیں دیں گے، مذاکرات رکے تو پی ٹی آئی بطور سیاسی جماعت خود کو بہت نقصان پہنچائے گی، بانی پی ٹی آئی مذاکرات میں مداخلت ڈال رہے ہیں

جام صادق پل توڑ کر نیا پل بنایا جائے گا، ملیر ایکسپریس وے کو 11 جنوری کو کھول دیا جائے گا، ملیر ایکسپریس وے پر اوور سپیڈ پر جرمانہ ہوگا، ملیر ایکسپریس وے پر موٹر سائیکل اور رکشہ پر پابندی ہوگی

کراچی (آئی این پی) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ پہلے ہی خدشہ ظاہر کیا تھا کہ بانی پی ٹی آئی مذاکرات کو آگے بڑھنے نہیں دیں گے، کوئی بھی اختلافات ہوں ان کا حل صرف مذاکرات میں ہی ہے۔ سعید غنی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی کارکن کی حیثیت سے مذاکرات ہونے چاہئیں، خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت کی اپنی بنیادی ذمہ داری پر توجہ نہیں، خیبر پختونخوا میں امن وامان کا مسئلہ ہے،

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری سپریم کورٹ بار نے 26ویں آئینی ترمیم چیلنج کر دی

آئینی ترمیم کے تحت ہونے والی تعیناتیاں اور تمام اقدامات بھی کالعدم قرار دیئے جائیں

اسلام آباد (آئی این پی) سیکرٹری سپریم کورٹ

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

فٹ بال فیڈریشن نے چار محکموں کے ووٹنگ رائٹس بحال کر دیئے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن کی نارملائزیشن کمیٹی نے چار ڈیپارٹمنٹس کی پی ایف ایف کانگریس کی رکنیت بحال کر دی۔ پی ایف ایف کی ڈسپلنری کمیٹی کے مطابق 19 نومبر کو منعقدہ کانگریس کے آخری اجلاس میں شرکت سے انکار

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

انسپکٹر جنرل نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کا ریجنل آفس نارتھ کا دورہ

خوش اخلاقی، بروقت مدد، محنت اور قانون کی پاسداری موٹروے پولیس کی پہچان ہے، رفعت مختار راجہ

اسلام آباد (آئی این پی) انسپکٹر جنرل نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ نے ریجنل آفس نارتھ اسلام آباد کا دورہ کیا۔ ان کی آمد پر ایڈیشنل انسپکٹر جنرل یاسین فاروق نے استقبال کیا جبکہ موٹروے پولیس کے چاق وچوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ انسپکٹر جنرل رفعت مختار راجہ نے نارتھ ریجنل آفس اسلام آباد اور موٹروے نارتھ زون کی مختلف برانچوں کا معائنہ کیا اور آپریشنل امور پر تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)



کراچی، وزیر اعظم شہباز شریف کا کراچی پہنچنے پر وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ استقبال کر رہے ہیں

سیاسی عدم استحکام سے ملک کو ڈیفالٹ کے کنارے پہنچایا گیا، اسحاق ڈار

پاکستان کا موجودہ قرض کچھ نہیں ہے، ملک کے پاس بے پناہ معدنیات، کانیں اور دھاتیں موجود ہیں، شہباز شریف کی قیادت میں ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا

بیرونی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے جب کہ وزیر اعظم کی قیادت میں ملکی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، بیرونی اداروں پر انحصار کم کرنے کے لیے مقامی کیپٹل مارکیٹ کو مضبوط کرنا ہے

کراچی (آئی این پی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ 2017 میں سیاسی عدم استحکام سے معیشت کا پہیہ رو کا گیا اور سیاسی عدم استحکام سے ملک کو ڈیفالٹ کے کنارے پہنچایا گیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحٰق ڈار نے دعویٰ کیا کہ پاکستان کا موجودہ قرض کچھ نہیں ہے، ملک کے پاس بے پناہ معدنیات، کانیں اور دھاتیں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کی قیادت میں ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا اور بیرونی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بڑھ رہا ہے جب کہ وزیر اعظم کی قیادت میں ملکی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، بیرونی اداروں پر انحصار کم کرنے کے لیے مقامی کیپٹل مارکیٹ کو

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

منصوبے سے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے، شرجیل انعام میمن

کراچی، بیروزگار نوجوانوں کو آسان اقساط پر ای وی ٹیکسی فراہم کرنے کا فیصلہ، ای وی ٹیکسی کے لیے مختلف بینکوں سے رابطوں اور مالیاتی ماڈلز تیار کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی

ماحول دوست ای ٹیکسیاں حکومت سندھ کے سرسبز سندھ کے عزم کے مطابق ہیں ای وی ٹیکسیاں متعارف کروانے سے ہمارے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے

کراچی (آئی این پی) صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت اجلاس میں سندھ کے بیروزگار نوجوانوں کو آسان اقساط پر جلد ای وی ٹیکسی فراہم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ای وی ٹیکسی کے لیے مختلف بینکوں سے رابطوں اور مالیاتی ماڈلز تیار کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن سے ای وی ٹیکسی اسمبل کرنے والی کمپنی کے حکام نے

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

ملٹری ٹرائل کا ظالمانہ عدالتی حکم پوری دنیا میں پاکستان کی جگ ہنسائی کا باعث بنے گا، اسد قیصر

فوجی عدالتوں سے سزا پانے والے سویلینز کی حالت زار سے متعلق پنجاب حکومت کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع

پنجاب میں 28 میں سے 27 ملزمان جیل میں ہیں، سویلینز کو جیل رولز 1978 کے مطابق تمام سہولیات دی جا رہی ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ اگر ملٹری ٹرائل کا عدالت سے حکم ملتا ہے تو یہ بڑا ظلم ہوگا، پوری دنیا میں پاکستان جگ ہنسائی کا باعث بن جائے گا۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دو وائیٹوز پر

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (آئی این پی) فوجی عدالتوں سے سزا پانے والے سویلینز کی حالت زار سے متعلق پنجاب حکومت کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ میں جمع قیدیوں کو حاصل سہولیات سے متعلق رپورٹ کے مندرجات سامنے آگئے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 28 میں سے 27 ملزمان جیل میں ہیں، فوجی عدالتوں سے سزا پانے والے سویلینز کو جیل رولز

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

کراچی، چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری سے صوبائی وزیر ایریگیشن محمد صادق عمرانی و دیگر ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

نئے چیف الیکشن کمشنر اور 2 ممبران کی تعیناتی کا معاملہ، مشاورتی عمل شروع نہ ہو سکا

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ، ممبر سندھ نثار درانی اور ممبر بلوچستان شاہ محمد جتوئی 26 جنوری کو ریٹائر ہوں گے

اسلام آباد (آئی این پی) نئے چیف الیکشن کمشنر اور دو ممبران کی تعیناتی کا معاملہ، وزیر اعظم اور قائد حزب اختلاف کے درمیان مشاورتی عمل تاحال شروع نہیں کیا جا سکا۔ چیف الیکشن کمشنر اور دو ممبران کی ریٹائرمنٹ میں صرف 18 روز باقی رہ گئے، آئین کے مطابق وزیر اعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان چیف الیکشنر کمشنر اور ممبران کی تعیناتی کیلئے مشاورت عمل میں لانا ہوتی ہے۔ وزیر اعظم اور اپوزیشن لیڈر میں اتفاق

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

وفاقی کابینہ میں توسیع بلا جواز ہے، رضا ربانی

آئی ایم ایف پروگرام کے تحت رائٹ سائزنگ سے نچلے ملازمین بے روزگار ہوں گے، رائٹ سائزنگ قابل مذمت ہے

رائٹ سائزنگ کا ایک مقصد نچلے درجے کی ملازمتوں میں نمایاں کمی لانا ہے، رائٹ سائزنگ کے نتیجے میں گریڈ 1 سے 6 کے ملازمین ملازمتوں سے محروم ہو جائیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) سابق چیئرمین سینیٹ و پیپلز پارٹی کے رہنما رضا ربانی نے کہا ہے کہ یہ قیاس کیا جا رہا ہے کہ آنے والے ہفتے میں وفاقی حکومت میں توسیع کی جائے گی، وفاقی کابینہ میں توسیع بلا جواز ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت رائٹ سائزنگ سے نچلے ملازمین بے روزگار ہوں گے، رائٹ سائزنگ قابل مذمت

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی اداروں پر تنقید نہ کرنے پر رضامند

دیگر رہنماؤں کو بھی اداروں کے خلاف بیانات نہ دینے کی ہدایات جاری کر دیں، ذرائع

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اداروں کے خلاف بیانات نہ دینے پر رضامندی ظاہر کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے اداروں پر تنقید نہ کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے اس حوالے سے رضامندی ظاہر کی ہے اور تنقید کا محور صرف سیاستدانوں کو بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پارٹی کی اعلیٰ قیادت نے عمران خان کو اداروں سے متعلق بیانات نہ دینے کا پیغام دیا جبکہ دیگر رہنماؤں کو بھی اداروں

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

الزام تراشی اور بددیانتی کا جواب وقار سے دینے والی سیاست کی ضرورت ہے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ الزام تراشی اور بد دیانتی کا جواب وقار سے دینے والی سیاست کی ضرورت ہے۔ سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ میں جس سیاست

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

بیرسٹر گوہر اور علیمہ خان دونوں کی باتوں میں تضاد ہے، سرعقیل ملک

پی ٹی آئی کے تحریری مطالبات کو سیاسی طور پر استعمال نہیں کریں گے، تحریری مطالبات اس لئے بھی چاہتے ہیں کہ یوٹرن لینا پی ٹی آئی کا وطیرہ ہے

حکومت کی جانب سے عمران خان کو بنی گالہ، زمان پارک، نتھیا گلی یا خیبر پختونخوا بھیجنے کی کوئی آفر نہیں کی گئی، اس ہفتے پی ٹی آئی کمیٹی کو عمران خان سے ملاقات تک رسائی مل جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم کے مشیر برائے قانونی امور بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ بیرسٹر گوہر اور علیمہ خان دونوں کی باتوں میں تضاد ہے، میں واضح کر دوں کہ حکومت کی جانب سے عمران خان کو بنی گالہ، زمان پارک، نتھیا گلی یا خیبر پختونخوا بھیجنے کی کوئی آفر نہیں کی گئی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا ہم نے تو پہلے دن سے کہا ہے کہ نہ ڈیل ہے اور نہ کوئی ڈھیل

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)



کراچی، وزیر اعظم شہباز شریف منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

چیف جسٹس نے سپریم کورٹ کی پروموشن کمیٹی دوبارہ تشکیل دیدی

اسلام آباد (آئی این پی) چیف جسٹس آف پاکستان نے سپریم کورٹ کی پروموشن کمیٹی دوبارہ تشکیل دے دی۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں عدالت عظمیٰ کی پروموشن کمیٹی دوبارہ تشکیل دے دی۔ پروموشن کمیٹی کے ممبران میں رجسٹرار سپریم کورٹ اور ایڈیشنل رجسٹرار ایڈمن ڈیپارٹمنٹل سلیکشن شامل ہیں۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے سپریم کورٹ کی پروموشن

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

محسوس ہو رہا ہے مذاکرات میں اسٹیبلشمنٹ آن بورڈ ہے، حامد رضا

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہی نہیں ہو رہی تو مطلب مذاکرات میں ڈیڈ لاک آ گیا

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی کے ترجمان صاحبزادہ حامد رضا نے کہا ہے کہ محسوس ہو رہا ہے مذاکرات میں اسٹیبلشمنٹ آن بورڈ ہے، حکومت نے یقین دہانی کروائی تھی عمران خان سے ملاقات کروائی جائے گی لیکن 3 دن ہو گئے ابھی تک ہماری ملاقات نہیں کروائی گئی۔ ایک انٹرویو میں صاحبزادہ حامد رضا نے کہا کہ پہلے جو ملاقات کروائی گئی تھی اس کمرے میں 3 لوگ سے زیادہ نہیں بیٹھ سکتے تھے، حکومتی کمیٹی

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

وی پی این کے بڑھتے استعمال سے انٹرنیٹ انفرااسٹرکچر پر دباؤ، زرمبادلہ کو نقصان پہنچنے کا انکشاف

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی تحقیقات میں پاکستان میں انٹرنیٹ کی سست روی اور خلل کے باعث انٹرنیٹ انفرا اسٹرکچر اور غیر ملکی زرمبادلہ کو نقصان پہنچنے کا

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

فریم ورک پر موثر عمل درآمد کی فوری ضرورت ہے، حسن اقبال

وزارت منصوبہ بندی اڑان پاکستان پروگرام کے تحت بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ملکی ترقی میں شراکت کو سراہتی ہے

پاکستان کی بہترین 10 یونیورسٹیوں کا پریمئر لیگ گروپ بنا کر دنیا کی اعلیٰ یونیورسٹیوں کے ساتھ روابط قائم کئے جائیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی بہترین 10 یونیورسٹیوں کا پریمئر لیگ گروپ بنا کر دنیا کی اعلیٰ یونیورسٹیوں کے ساتھ روابط قائم کئے جائیں۔ وفاقی وزیر سے پاکستانی امریکی پروفیسر مدثر وائیں نے ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی، ایچ ای سی کے ڈائریکٹر کوالٹی اشورنس اور پلاننگ کمیشن کے ممبر

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ نارتھ ریجن کے دورہ کے موقع پر اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کی عزت ووقار کے خاطر حکومت، پی ٹی آئی مذاکرات کی کامیابی ضروری ہے، راجا ناصر عباس

اسلام آباد (آئی این پی) مجلس وحدت مسلمین (ایم ڈبلیو ایم) کے سربراہ علامہ سینیٹر راجا ناصر عباس نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے پاس عوام کی طاقت ہے، پاکستان کی عزت اور وقار کی خاطر مذاکرات کامیاب ہونا ضروری ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملٹری کورٹس کا فیصلہ ملک کے مستقبل سے جڑا ہے، دیگر ممالک میں اربوں روپے خرچ ہوتے ہیں تاکہ ملک کا امیج اچھا جائے، ہمارے ملک میں اربوں روپے لگا کر

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

بزنس کمیونٹی ملکی معیشت کی سب سے بڑی اسٹیک ہولڈر ہے، عاطف اکرام شیخ

اسلام آباد (آئی این پی) صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ بزنس کمیونٹی ملکی معیشت کی سب سے بڑی اسٹیک ہولڈر ہے۔ اپنے ایک بیان میں عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ حکومت کا بجٹ کی

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

قطر ایئرویز کی پاکستان میں دفاتر بند کرنے کی خبروں کی تردید

قطر ایئرویز کی پاکستان آنے اور جانے والی پروازیں معمول کے مطابق چل رہی ہیں، دفاتر بھی کھلے ہیں، انتظامیہ کا بیان

اسلام آباد (آئی این پی) قطر ایئرویز نے پاکستان میں اپنے دفاتر بند کرنے کی خبروں کی تردید کر دی۔ قطر ایئرویز کی جانب سے آپریشنل اخراجات کو کم کرنے کے لیے پاکستان بھر میں دفاتر بند کرنے کی خبروں پر جاری وضاحتی بیان میں کہا گیا ہے کہ قطر ایئرویز کی پاکستان آنے اور جانے والی پروازیں معمول کے مطابق چل رہی ہیں اور ہمارے دفاتر بھی کھلے ہیں، حالیہ شائع شدہ رپورٹس جن میں یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے برطانوی ہائی کمشنر ملاقات کر رہے ہیں

حکومت آئی ایم ایف کو بجلی بلوں میں سیلز ٹیکس کمی پر رضامند کرنے میں ناکام

سیلز ٹیکس چھوٹ سے ٹیکس اہداف کا حصول ممکن نہیں رہے گا، وزارت توانائی کی درخواست آئی ایم ایف نے مسترد کر دی

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت آئی ایم ایف کو بجلی کے بلوں میں سیلز ٹیکس کمی پر رضامند کرنے میں ناکام ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی جانب سے وزارت توانائی کی درخواست مسترد کر دی گئی ہے، جس میں حکومت نے آئی ایم ایف سے بجلی کے بلوں میں سیلز ٹیکس کم کرنے پر رائے مانگی تھی۔ آئی ایم ایف کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ قرض پروگرام کے تحت نئے ٹیکسز سے چھوٹ نہیں دی جا سکتی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے وضاحت کی ہے کہ سیلز ٹیکس چھوٹ سے ٹیکس اہداف کا حصول ممکن نہیں رہے گا۔ یاد رہے کہ بجلی کے بلوں پر 18 فیصد جی ایس ٹی دو مرتبہ عائد ہے۔ ایک بار بل کی مجموعی رقم پر 18 فیصد ٹیکس لگ جاتا ہے جب کہ دوسری مرتبہ فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ پر بھی سیلز ٹیکس لیا جاتا ہے۔ حکومت آئی ایم ایف کو بجلی کے بلوں میں سیلز ٹیکس کمی پر رضامند کرنے میں ناکام ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی جانب سے وزارت توانائی کی درخواست مسترد کر دی گئی ہے، جس میں حکومت نے آئی ایم ایف سے بجلی کے بلوں میں سیلز ٹیکس کم کرنے

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

ٹیکس کا پیسہ حکومت کے خرچے پر لگ جاتا ہے، مشیر خزانہ خرم شہزاد

ایف بی آر کی ازسرنو تشکیل کے نتائج آنا شروع ہو گئے، ایف بی آر کی ڈیجیٹلائزیشن سے ٹیکس وصولی میں بہتری ہوگی، گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا کہ حکومت کے خرچے زیادہ ہیں جن پر ٹیکس کا پیسہ لگ جاتا ہے۔ ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کے دوران خرم شہزاد سے سوال کیا گیا کہ حکومت تو کہتی ہے کہ بیروزگاری کم ہوئی ہے، لیکن وزارت کی رپورٹ تو کچھ الگ ہی کہہ رہی ہے، مہنگائی میں اضافے کی کیا وجہ ہے۔ جس پر وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا کہ حکومت کے خرچے بہت زیادہ ہیں جن پر ٹیکس کا پیسہ لگ جاتا ہے، جس پر مزید بہترین ڈویلپمنٹ ہوئی ہے۔ مشیر خزانہ نے بتایا کہ ایف بی آر کی ازسرنو تشکیل کے نتائج آنا شروع ہو گئے ہیں، ایف بی آر کی ڈیجیٹلائزیشن سے ٹیکس وصولی میں بہتری ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ پنشن کے معاملے میں اصلاحات بڑی پیشرفت ہے، 400 کے قریب محکموں میں رائٹ سائزنگ شروع ہو گئی ہے، وفاقی حکومت کا سال کا بجٹ 8 ارب 76 روپے ہے جسے کم کر رہے ہیں۔ مشیر خزانہ کا مزید کہنا تھا کہ وہ اسامیاں جن کی ضرورت نہیں ان کو بھی ختم کیا جا رہا ہے۔ وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا کہ حکومت کے خرچے زیادہ ہیں جن پر ٹیکس کا پیسہ لگ جاتا ہے۔ ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کے دوران خرم شہزاد سے سوال کیا گیا کہ حکومت تو کہتی ہے کہ بیروزگاری کم ہوئی ہے، لیکن وزارت کی رپورٹ تو کچھ الگ ہی کہہ رہی ہے، مہنگائی میں اضافے کی کیا وجہ ہے۔ جس پر وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا کہ حکومت کے خرچے بہت زیادہ ہیں جن پر ٹیکس کا پیسہ لگ جاتا ہے، جس پر مزید بہترین ڈویلپمنٹ ہوئی ہے۔ مشیر خزانہ نے بتایا کہ ایف بی آر کی ازسرنو تشکیل کے نتائج آنا شروع ہو گئے ہیں، ایف بی آر کی ڈیجیٹلائزیشن سے ٹیکس وصولی میں بہتری ہوگی۔ انہوں نے بتایا

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

حکومت سے کسی مرحلے پر عمران خان کی رہائی، ہاؤس اریسٹ یا منتقلی پر بات نہیں ہوئی، بیرسٹر گوہر

حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے محسن نقوی نے بانی پی ٹی آئی کی ہاؤس اریسٹ کی آفر کی تھی

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے حکومت کی جانب سے کچھ دن قبل بانی پی ٹی آئی عمران خان کو ریلیف دینے کی پیشکش کی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت سے کسی مرحلے پر عمران خان کی رہائی، ہاؤس اریسٹ یا منتقلی پر بات نہیں ہوئی۔ ایک نجی ٹی وی سے گفتگو میں ان سے سوال کیا گیا کہ حکومت سے کب رابطے بحال ہوئے کیا کوئی ڈیل ہوئی؟۔ جس پر بیرسٹر گوہر نے جواب دیا کہ ہمارا حکومت سے 26 نومبر سے قبل محض رابطہ بحال ہوا، محسن نقوی سے 26 نومبر سے قبل کسی قسم کا مذاکراتی عمل شروع نہیں ہوا تھا، بانی پی ٹی آئی کی بنی گالہ منتقلی کی پیش کش سے متعلق کبھی

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

خواتین شوہر یا والدین کی اجازت کے بغیر حج پر نہیں جا سکتیں، وزارت مذہبی امور

دستاویز میں مزید کہا گیا تھا کہ 12 سال سے کم عمر بچے حج پر نہیں جا سکتے جبکہ سعودی عرب کی جانب سے منظور شدہ ویکسین حجاج کیلئے لازمی قرار دی گئی ہے

رواں برس پاکستان کو مجموعی طور پر ایک لاکھ 79 ہزار 210 عازمین حج کا کوٹہ ملا، تقریباً 89 ہزار 602 لوگ سرکاری سکیم کے تحت حجاز مقدس کا سفر کریں گے

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ خواتین اپنے شوہر یا والدین کی اجازت کے بغیر حج کرنے کیلئے نہیں جا سکتیں۔ وزارت کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق رواں برس سعودی حکومت نے پاکستان کو مجموعی طور پر ایک لاکھ 79 ہزار 210 عازمین حج کا کوٹہ دیا ہے، اس میں تقریباً 89 ہزار 602 لوگ سرکاری سکیم کے تحت حجاز مقدس

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

ماہرین کا توانائی کے شعبے کی سبسڈی کو قابل تجدید ذرائع کی طرف ری ڈائریکٹ کرنے کا مشورہ: ویلتھ پاک

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کے توانائی کے شعبے میں سبسڈی کو معقول بنانا اور انہیں قابل تجدید ذرائع کی طرف موڑنا معاشی کارکردگی کو بڑھانے اور سماجی مساوات کو فروغ دینے کے لیے ضروری ہے۔ غیر موثر ٹیرف پر مبنی سبسڈیز سے ٹارگٹڈ سپورٹ اور جدید فنانسنگ سلوشنز کی طرف منتقل ہونا ہی ایسا کرنے کا واحد طریقہ ہے۔ ویلتھ پاک سے بات کرتے ہوئے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کی توانائی کی ماہر عافیہ ملک نے کارکردگی اور تقسیمی اہداف کے درمیان موروثی تصادم پر روشنی ڈالی جو کہ کم آمدنی والے افراد کے لیے ٹیرف پر مبنی سبسڈیز سے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ سبسڈی اکثر وزن میں کمی کا باعث بنتی ہے اور ممکن ہے مؤثر طریقے سے غربت کو کم نہ کر سکے۔ اس کے بجائے انہوں نے براہ راست نقد رقم کی منتقلی کی

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

پاکستانی ہائی کمشنر فیصل رسول کی مالدیپ کے صدر سے ملاقات، سفارتی اسناد پیش کیں

سیاحت اور دفاع سمیت باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں دوطرفہ تعلقات اور تعاون کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (آئی این پی) مالدیپ میں پاکستان کے ہائی کمشنر وائس ایڈمرل (ر) فیصل رسول لودھی نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز سے

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

ڈی سی چمن حبیب احمد ہنگلوئی 2025 شجرکاری مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان کی رہائی کیلئے کہیں سے کوئی دباؤ نہیں، رانا ثنا اللہ

ہم نے مذاکرات کے پہلے دور میں ہی پی ٹی آئی سے مطالبہ کیا تھا کہ اپنے مطالبات تحریری طور پر دے دیں، لیکن ان کی باتوں سے لگتا نہیں کہ ایسا کریں گے

ہم چاہتے تھے کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان نیشنل ڈائیلاگ ہوں، لیکن پی ٹی آئی رہنماں کی باتوں اور عمران خان کی ٹوئٹ سے لگتا ہے کہ سیدھی بات نہیں کریں گے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان کی رہائی کے لیے کہیں سے کوئی دباؤ نہیں ہے، تحریک انصاف چاہتی ہے کہ ملک میں سیاسی عدم استحکام رہے اور پاکستان معاشی طور پر ترقی نہ کر سکے، لیکن ملک ضرور آگے بڑھے گا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ کہ ہم نے مذاکرات کے پہلے دور میں

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کو تحریری مطالبات کیلئے عمران خان سے طویل نشست کا حق ملنا چاہئے، قمر زمان کائرہ

جن اسیران پر فردجرم عائد ہو چکی ان کیسز کو حکومت کیسے واپس لے سکتی ہے؟ مذاکرات کبھی مشروط نہیں ہوا کرتے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو تحریری مطالبات کیلئے عمران خان سے

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

چیف ایگزیکٹیو آفیسر کیسکو انجینئر شفقت علی سے چیئرمین پاکستان انجینئرنگ کونسل انجینئر وسیم ندیم ملاقات کر رہے ہیں

نیشنل سائیکلنگ چیمپئین شپ کل شروع ہوگی

اسلام آباد (آئی این پی) نیشنل سائیکلنگ چیمپئن شپ کل 10 جنوری سے شروع ہوگی۔ سائیکلنگ فیڈریشن کے صدر خواجہ ادریس حیدر کے مطابق نیشنل ٹریک سائیکلنگ چیمپئن شپ 10 جنوری سے شروع ہوگی، جس میں مجموعی طور پر 8 ٹیمیں ایونٹ میں شرکت کریں گی۔ انہوں نے کہا ذاتی ایجنڈا نہیں سائیکلنگ کے فروغ کیلئے ہر ممکن اقدامات کریں گے، محکمہ جاتی ٹیمیں ختم کر دی گئی ہیں، گزشتہ دنوں فراڈ چیمپئن شپ ہوئی، 10 سائیکلسٹ بھی شامل نہ تھے۔ بارہ تیرہ سال سے ٹور ڈی پاکستان سائیکل ریس نہیں ہوئی، لاہور 8 اپریل سے ٹور ڈی پاکستان ریس کروائیں گے مزار قائد سے آغاز ہوگا اور پشاور میں اختتام ہوگا، ویلڈرم بہتر حالت میں نہیں، بنیادی سہولیات کا فقدان ہے، کوشش ہے سائیکلنگ کو پرموٹ کریں،

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دیں

پاکستان کے ضلع ننکانہ میں بابا گورونانک کے 555 ویں جنم دن کی تقریبات میں شرکت کے لیے دنیا بھر سے سکھ یاتری پاکستان پہنچنا شروع ہوگئے ہیں۔ اس حوالے سے ضلع ننکانہ کی انتظامیہ سمیت ملک بھر کے متعلقہ اداروں نے انتظامات کو حتمی شکل دے دی ہے، یہ تقریبات 14 سے 16 نومبر تک جاری رہیں گی۔ اس سلسلے میں امریکہ سے آئے سکھ یاتریوں کے 44 رکنی وفد نے وزیر اعلیٰ محسن نقوی سے ملاقات کی، انہیں سٹیٹ گیسٹ ہاؤس میں ٹھہرایا گیا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سکھ یاتریوں سے پاکستان آمد پر کوئی ویزہ فیس وصول نہیں کی جائے گی، انہیں ایئرپورٹ پر آدھے گھنٹے میں ویزہ ملے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جہاں بھی سکھ برادری کا کوئی مقدس مقام ہے وہ جگہ کھول دیں گے تاکہ کسی قسم کی اجازت کی ضرورت نہ پڑے، سکھ یاتری حسن ابدال، ننکانہ صاحب اور کرتار پور کے علاوہ کہیں بھی جانا چاہیں تو انہیں سہولت فراہم کریں گے، کچھ مسئلے مسائل ہیں جنہیں جلد ختم کر دیا جائے گا۔ انہوں نے اپنی خواہش کا اظہار بھی کیا کہ ابھی 50 ہزار سے ایک لاکھ سکھ یاتری پاکستان آتے ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ ہر سال 10 لاکھ سکھ آئیں، 124 ممالک کا ویزہ فری کر دیا ہے، پہلے فیز میں امریکہ، کینیڈا اور برطانیہ کے پاسپورٹ رکھنے والے آنکھیں بند کر کے پاکستان آئیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کرکٹ دیکھنے کے لئے کوئی جتنی مرتبہ بھی آنا چاہتا ہے آسکتا ہے، سکھ یاتریوں اور بھارت سے آنے والوں کے لئے چیمپئنز ٹرافی میں الگ کوٹہ رکھا ہے میں۔ پاکستان نے گوردوارہ کرتار پور کی زیارت کے لئے سکھ یاتریوں کو اجازت نامہ دینے سے متعلق بھارت کے ساتھ معاہدے کی تجدید کی ہے، بھارت اور پاکستان اگرچہ روایتی حریف ہیں لیکن اس معاہدے سے یہ امید جاگی ہے کہ دونوں جانب تمام مختلف معاملات پر ثمر آور کر سکتے ہیں۔ پاکستان وزارت خارجہ کے بیان کے مطابق اس معاہدے کی رُو سے سکھ حضرات گوردوارہ کرتار پور آنے کے لئے مزید پانچ سالوں کے لیے ویزہ فری انٹری ملے گی۔ پاکستان نے گزشتہ سال سکھ یاترا بلاک پورٹل کا افتتاح کیا تھا جس کے ذریعے دنیا بھر سے سکھ یاتری آن لائن ہوٹل اور ٹرانسپورٹ بکنگ، سکیورٹی سہولت دیگر سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ گزشتہ سال ملک میں پہلی بار مذہبی سیاحت پروگرام کا آغاز ہوا تھا اور یہ پورٹل اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ گزشتہ سال سکھ یاتریوں کو ان کے ٹورز کے دوران وی آئی پی کا درجہ حاصل رہا۔ واضح رہے کہ سکھ یاتری سال میں مختلف تقریبات کے لئے پاکستان آتے ہیں، جنہیں اس پورٹل سے بہت آسانی ہوگی، پنجاب میں مذہبی سیاحت کے فروغ کے لئے ٹورازم پولیس قائم کرنے پر بھی کام کیا جارہا ہے۔ گوردوارہ کرتار پور پاکستانی پنجاب کے ضلع نارووال میں وہ جگہ ہے، جہاں سکھ مذہب کے بانی بابا گورونانک نے اپنے آخری ایام گزارے۔ برطانیہ سے آزادی حاصل کرنے کے بعد 1947ء سے اب تک پاکستان اور بھارت تین جنگیں لڑ چکے ہیں جن میں سے دو جنگیں کشمیر کے متنازعہ علاقے پر لڑی گئیں۔ دونوں ممالک کے مابین امن مذاکرات 2008ء سے مکمل طور پر ٹھپ ہوئے اور 2019ء سے بھارت کی جانب سے اپنے زیر انتظام کشمیر کی خصوصی خودمختار حیثیت ختم کرنے کے فیصلے کے بعد تعلقات تاریخ کی نچلی ترین سطح پر آچکے ہیں لیکن اب بھارتی وزیر خارجہ ایس جے شنکر ایک ہفتہ قبل شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کے لئے اسلام آباد آئے، یہ گزشتہ نو سالوں میں کسی بھارتی وزیر خارجہ کا پہلا دورہ پاکستان تھا، ہوسکتا ہے کہ اس سے تعلقات پر جمی برف پگھل جائے۔ دنیا بھر میں سکھوں کی تعداد کل جمع ڈھائی کروڑ ہے جس میں سے 60 فیصد بھارت میں آباد ہیں جبکہ 40 فیصد، یعنی قریباً ایک کروڑ سکھ دنیا کے دیگر ممالک میں آباد ہیں۔ یہ سب بھی لوگ اپنے تہواروں کے موقع پر پاکستان آنا چاہتے ہیں، اپنے مقدس مقامات پر حاضری دینا چاہتے ہیں اور اگر ان کی ٹ ول آبادی کا 10 فیصد بھی ہر سال پاکستان آئے تو مذہبی سیاحت کو خاصا فروغ مل سکتا ہے۔ پاکستان میں لگ بھگ تقریباً سب ہی مذاہب کے ماننے والے بستے ہیں اور یہاں ان کے کئی مقدس مقامات بھی ہیں۔ ابھی دور دراز قبل ہندو برادری نے دیوالی کا تہوار منایا، وزیر اعلیٰ پنجاب نے اس موقع پر ہندو برادری کو مبارکبادی اور ان کے لئے آئندہ ماہ سے منیاری کارڈ کے اجرا کا اعلان بھی کیا جس کے ذریعے تین ماہ میں ساڑھے 10 ہزار روپے ملیں گے۔ انہوں نے یاد کروایا کہ اگر اقلیتوں کے ساتھ ظلم و زیادتی ہوئی، کسی نے انہیں تکلیف پہنچانے کی کوشش کی تو وہ اقلیتوں کے ساتھ کھڑی ہوں گی۔ اقلیتوں کا تحفظ اور احترام حکومت کی ذمہ داری ہے، کسی تفریق کے بغیر سب پاکستانی ہیں۔ آج اسی جذبے کی ضرورت ہے۔ پاکستان مذہبی سیاحت کے علاوہ تاریخی ورثے سے بھی مالا مال ہے، دنیا کا اثاثہ قرار دیئے گئے درجنوں مقامات ہیں، اگر یہاں سکیورٹی کے مسائل حل ہو جائیں، لوگوں کو تحفظ ملے تو کثیر تعداد میں لوگ پاکستان کا رخ کریں گے۔ ملک میں ان غیر ریاستی عناصر کا محاسبہ کرنا ضروری ہے جو پاکستان کی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بن کر کھڑے ہیں، وہ مذہبی ہم آہنگی کو فروغ پانا نہیں دیکھ سکتے۔ اسی لئے آئے دن کوئی نہ کوئی تنازعہ کھڑا کر کے فساد مچائے رکھتے ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ کئی غیر مسلموں کو ''توہین رسالت'' کا مرتکب قرار دے کر انہیں خود ہی من مانی سزا دے دی گئی، ایسے رویوں کی مذمت کے ساتھ ساتھ ان کا سدباب کرنا بھی اشد ضرورت ہے۔ آج کے اس جدید دور میں دنیا کے ساتھ چلنے کے لئے، رقابتی یا فتہ ممالک کی صف میں کھڑے ہونے کے لئے لازم ہے کہ امن اور شانتی کا راہ اپنائی جائے، مذہبی رواداری قائم کی جائے اور ایک دوسرے کے لئے برداشت پیدا کی جائے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے وہاں سکھوں کی سلطنت قائم کی تھی جہاں وہ اقلیت میں تھے، اسی طرح کئی ریاستیں ایسی تھیں جہاں مسلمان اقلیت میں تھے لیکن اپنی مذہبی اقدار کی بنیاد پر حکومت کرتے رہے۔ اسلام امن، پیار اور محبت کا سبق دیتا ہے، دنیا کو دس ہزار مذاہب ہے اور تیزی سے پھیل بھی رہا ہے، بس اسلام کے پیغام کو عام کرنے کی ضرورت ہے، اس کی حقیقی روح کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اگر یہاں دہشت گردی پر قابو پالیا جائے، بغیر کسی ڈر خوف کے آمد و رفت ممکن ہو جائے، تو اس سے معاشی معاملات کو سہارا ملے گا اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام بھی بلند ہوگا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کی آمد پر سرگودھا یونیورسٹی میں چھٹی کا اعلان

لاہور (آئی این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی آمد پر سرگودھا یونیورسٹی میں چھٹی کا اعلان کر دیا گیا۔ سرگودھا یونیورسٹی میں جاری تمام شعبہ جات کے فائنل ٹرم کے پرچے ملتوی کر دیئے گئے، پرچہ جات کے شیڈول کا اعلان دوبارہ کیا جائے گا۔ امتحان ملتوی ہونے سے طلبہ وطالبات کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ واضح رہے کہ راولپنڈی اور ملتان میں 7700 طلبہ کو ہنوبارا سکالرشپ کے 4 4 کروڑ کے چیک مل چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی آمد پر سرگودھا یونیورسٹی میں چھٹی کا اعلان کر دیا گیا۔ سرگودھا یونیورسٹی میں جاری تمام شعبہ جات کے فائنل ٹرم کے پرچے ملتوی کر دیئے گئے، پرچہ جات کے شیڈول کا اعلان دوبارہ کیا جائے گا۔ امتحان ملتوی ہونے سے طلبہ وطالبات کو شدید مشکلات

مکمل فٹ ہوچکا ہوں، پاکستان کے لئے انٹرنیشنل ایونٹ میں ایکشن میں ہوں گا، فرخ زمان

لاہور (آئی این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے ٹاپ آرڈر بیٹر فرخ زمان نے چیمپئنز ٹرافی کھیلنے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اب میں مکمل فٹ ہو چکا ہوں اور پاکستان کے اگلے انٹرنیشنل ایونٹ میں ایکشن میں ہوں گا، آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے دورے اس لیے نہیں کیے کیونکہ خود کو چیمپئنز ٹرافی کے لیے مکمل فٹ کرنا تھا۔ فرخ ذی وی سے گفتگو کرتے ہوئے فرخ زمان نے کہا کہ بہت سے لوگ واقف نہیں کہ ذی نوٹکی ورلڈ کپ کے بعد میں کافی بیمار رہا تھا، خراب صحت کی وجہ سے مکمل فٹ نہیں تھا اس لیے قومی ٹیم کا حصہ نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ اب میں مکمل فٹ ہو چکا ہوں اور پاکستان کے اگلے انٹرنیشنل ایونٹ میں ایکشن میں ہوں گا، آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے دورے اس لیے نہیں کیے کیونکہ خود کو چیمپئنز ٹرافی کے لیے مکمل فٹ کرنا تھا۔ فرخ زمان کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی کی تیاری بیٹھ بیٹھ کر ذہن میں تھی، اس کو نارملائز سے میں میرے کیریئر کا زبردست آغاز تھا اور اگلے ایونٹ کے لیے میں پرجوش ہوں۔ صائم ایوب کے حوالے سے انکشاف کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امید اور دعا ہے کہ صائم ایوب جلد مکمل فٹ ہو جائیں۔ وہ ایک بہت زبردست کرکٹر ہیں، اگر صائم چار پانچ سال کیلئے باہر ہو گئے تو پاکستان کا پہلا دورہ پاکستان تھا، ہوسکتا ہے کہ اس سے تعلقات پر جمی برف پگھل جائے۔ دنیا بھر میں سکھوں کی تعداد لگ بھگ ڈھائی کروڑ ہے جس میں سے 60 فیصد بھارت میں آباد ہیں جبکہ 40 فیصد، یعنی قریباً ایک کروڑ سکھ دنیا کے دیگر ممالک میں آباد ہیں۔ یہ سب بھی لوگ اپنے تہواروں کے موقع پر پاکستان آنا چاہتے ہیں، اپنے مقدس مقامات پر حاضری دینا چاہتے ہیں اور اگر ان کی ٹ ول آبادی کا 10 فیصد بھی ہر سال پاکستان آئے تو مذہبی سیاحت کو خاصا فروغ مل سکتا ہے۔ پاکستان میں لگ بھگ تقریباً سب ہی مذاہب کے ماننے والے بستے ہیں اور یہاں ان کے کئی مقدس مقامات بھی ہیں۔ ابھی دور دراز قبل ہندو برادری نے دیوالی کا تہوار منایا، وزیر اعلیٰ پنجاب نے اس موقع پر ہندو برادری کو مبارکبادی اور ان کے لئے آئندہ ماہ سے منیاری کارڈ کے اجرا کا اعلان بھی کیا جس کے ذریعے تین ماہ میں ساڑھے 10 ہزار روپے ملیں گے۔ انہوں نے یاد کروایا کہ اگر اقلیتوں کے ساتھ ظلم و زیادتی ہوئی، کسی نے انہیں تکلیف پہنچانے کی کوشش کی تو وہ اقلیتوں کے ساتھ کھڑی ہوں گی۔ اقلیتوں کا تحفظ اور احترام حکومت کی ذمہ داری ہے، کسی تفریق کے بغیر سب پاکستانی ہیں۔ آج اسی جذبے کی ضرورت ہے۔ پاکستان مذہبی سیاحت کے علاوہ تاریخی ورثے سے بھی مالا مال ہے، دنیا کا اثاثہ قرار دیئے گئے درجنوں مقامات ہیں، اگر یہاں سکیورٹی کے مسائل حل ہو جائیں، لوگوں کو تحفظ ملے تو کثیر تعداد میں لوگ پاکستان کا رخ کریں گے۔ ملک میں ان غیر ریاستی عناصر کا محاسبہ کرنا ضروری ہے جو پاکستان کی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بن کر کھڑے ہیں، وہ مذہبی ہم آہنگی کو فروغ پانا نہیں دیکھ سکتے۔ اسی لئے آئے دن کوئی نہ کوئی تنازعہ کھڑا کر کے فساد مچائے رکھتے ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ کئی غیر مسلموں کو ''توہین رسالت'' کا مرتکب قرار دے کر انہیں خود ہی من مانی سزا دے دی گئی، ایسے رویوں کی مذمت کے ساتھ ساتھ ان کا سدباب کرنا بھی اشد ضرورت ہے۔ آج کے اس جدید دور میں دنیا کے ساتھ چلنے کے لئے، رقابتی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑے ہونے کے لئے لازم ہے کہ امن اور شانتی کا راہ اپنائی جائے، مذہبی رواداری قائم کی جائے اور ایک دوسرے کے لئے برداشت پیدا کی جائے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے وہاں سکھوں کی سلطنت قائم کی تھی جہاں وہ اقلیت میں تھے، اسی طرح کئی ریاستیں ایسی تھیں جہاں مسلمان اقلیت میں تھے لیکن اپنی مذہبی اقدار کی بنیاد پر حکومت کرتے رہے۔ اسلام امن، پیار اور محبت کا سبق دیتا ہے، دنیا کو دس ہزار مذاہب ہے اور تیزی سے پھیل بھی رہا ہے، بس اسلام کے پیغام کو عام کرنے کی ضرورت ہے، اس کی حقیقی روح کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اگر یہاں دہشت گردی پر قابو پالیا جائے، بغیر کسی ڈر خوف کے آمد و رفت ممکن ہو جائے، تو اس سے معاشی معاملات کو سہارا ملے گا اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام بھی بلند ہوگا۔

ملک کیخلاف سازشیں کرنے والوں کو معافیاں اور ایرا نواز نہیں ملتے، عظمیٰ بخاری

جو چور دروازوں سے اقتدار پر قابض ہوتے وہ قوم کے بچوں کے ہاتھ پٹرول بم اور تھیلیں ہی تھماتے ہیں

مستقبل چاہیے یا شیطانی سوچ والے شخص کی اقتدار ہی ہوں گا ایجنڈہ بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو اقتدار کی کرسی پر بیٹھ کر شرافت کا مظاہرہ کرتا ہے تو آج نواز شریف کا نام محترف آفتر قرار دیتے تھے آج نواز کا آئین اور قانون کی باتیں کرتے شرم آتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ذرا سوچئے ملک کے بچوں کو انگلینڈ پاکس کے بعد کارشپ ہو رہی ہیں، مریم نواز طلبہ کے ساتھ اللہ والوں، والدین سے دعائیں مانگ رہی ہیں، جو ان کی کارکردگی کا مقابلہ نہیں کر سکتے وہ اچھال رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ مریم نواز شریف 26 دسمبر کو ٹیلیا ہم چل رہی لیکن وہ ہر گز دن کے ساتھ قبول اور ہم کے دوٹ سے اقتدار میں آتے انہی کو عوام کی فکر ہوتی، جو چور دروازوں سے اقتدار پر قابض ہوتے وہ قوم کے بچوں کے ہاتھ پٹرول بم اور تھیلیں ہی تھماتے ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ملک کے خلاف سازشیں کرنے والوں کو معافیاں اور ایرا نواز نہیں ملتے۔ ایک بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ایک شیطانی سوچ والے شخص اور مخصوص جماعت نے نوجوانوں کی برین واشنگ کی، 9 مئی اور 26 نومبر کا کام بغاوتیں نوجوانوں کو خود فیصلہ کرنا ہے ان کو اپنا روشن مستقبل چاہیے یا شیطانی سوچ والے شخص کی اقتدار ہی ہوں گا ایجنڈہ بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے خلاف سازشیں کرنے والوں کو معافیاں اور ایرا نواز نہیں ملتے۔ ایک بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ایک شیطانی سوچ والے شخص اور مخصوص جماعت نے نوجوانوں کی برین واشنگ کی، 9 مئی اور 26 نومبر کا کام بغاوتیں نوجوانوں کو خود فیصلہ کرنا ہے ان کو اپنا روشن مستقبل چاہیے یا شیطانی سوچ والے شخص کی اقتدار ہی ہوں گا ایجنڈہ بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار کی کرسی پر بیٹھ کر شرافت کا مظاہرہ کرتا ہے تو آج نواز شریف کا نام محترف آفتر قرار دیتے تھے آج انکو آئین اور قانون کی باتیں کرتے شرم آتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ذرا سوچئے ملک کے بچوں کو انگلینڈ پاکس کے بعد کارشپ ہو رہی ہیں، مریم نواز طلبہ کے ساتھ اللہ والوں، والدین سے دعائیں مانگ رہی ہیں، جو ان کی کارکردگی کا مقابلہ نہیں کر سکتے وہ اچھال رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ مریم نواز شریف 26 دسمبر کو ٹیلیا ہم چل رہی لیکن وہ ہر گز دن کے ساتھ قبول اور ہم کے دوٹ سے اقتدار میں آتے انہی کو عوام کی فکر ہوتی، جو چور دروازوں سے اقتدار پر قابض ہوتے وہ قوم کے بچوں کے ہاتھ پٹرول بم اور تھیلیں ہی تھماتے ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ملک کے خلاف سازشیں کرنے والوں کو معافیاں اور ایرا نواز نہیں ملتے۔ ایک بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ایک شیطانی سوچ والے شخص اور مخصوص جماعت نے نوجوانوں کی برین واشنگ کی، 9 مئی اور 26 نومبر کا کام بغاوتیں نوجوانوں کو خود فیصلہ کرنا ہے ان کو اپنا روشن

لاہور اعلیٰ عدالت میں چھٹی کا اعلان

